# A majority of urban Pakistanis suspect the Government was involved in the attack on Geo office: *Gallup Pakistan Survey*

**Dated: April 6, 2007**

Gallup Pakistan's recently conducted a Public Pulse Survey which has revealed that besides a minor few (8%), almost the entire urban population (92%) is aware of the incident where the Geo TV office was attacked by the Police.

Of those who are aware of it, a vast majority (73%) claimed to believe the Government was somehow involved in this attack, whereas less than one-third (27%) held others responsible, namely the Opposition (8%), the Police (4%), Justice Iftikhar Muhammad Chaudhary (3%), RAW agents (2%), terrorists, USA and ISI (1% each). The remaining 7% urbanites either did not know or gave no response to the question.

Furthermore, nearly half the respondents who were aware of the attack on Geo TV's office (48%) believe it is a conspiracy against the media and 24% think it to be a conspiracy against the Government. Another 13% do not think this was a plot against anyone and 15% do not know.

Moving to a more general point of view, respondents are divided regarding the media's freedom in Pakistan. While half the respondents (50%) believe the media is appropriately free, 35% say it has freedom which is less than required and 15% maintain that the media has excessive freedom.

Also, only about 20% of the urbanites believe the media, i.e. Press and TV etc., should operate within boundaries defined by the Government, while a majority (70%) says this should not be so and there should not be any kind of interference in matters related to the media. Approximately 10% did not know what the policies should be.

This survey by Gallup Pakistan, an affiliate of Gallup International, was conducted on a sample of over 1250 respondents in urban areas of all four provinces of Pakistan. This sample was statistically selected across all ages, income groups and educational levels. The error margin for a sample of this kind is estimated to be ± 5% at a 95% confidence level.

# اکثریت پاکستانی شہریوں کے خیال میں جیو آفس پر پنجاب پولیس کے حملے میں حکومت ملوث تھی: گیلپ پاکستان سروے

اسلام آباد: ۶ اپریل، ۲۰۰۷

گیلپ پاکستان کا رائے عامہ پر کیے گئے حالیہ سروے سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ 8٪ کے علاوہ پاکستان کی تقریباً ساری شہری آبادی (92٪) جیو آفس پر پولیس کے حملے کے واقعے سے واقف ہے۔

جن لوگوں کو اس واقعہ کا علم ہے، ان میں سے ایک بھاری اکثریت (73٪) کے خیال میں اس حملے میں حکومت ملوث تھی، جبکہ ایک تہائی سے کم (27٪) نے دوسروں کو ذمہ دار ٹھیرایا، جن میں آپوزیشن (8٪)، پولیس (4٪)، جسٹس افتخار محمد چوہدری (3٪)، را ایجنٹس (2٪)، دہشت گرد، امریکہ اور آئی ایس آئی (1٪) بھی شامل ہیں۔ بقیہ 7٪ نے کوئی جواب نہیں دیا۔

مزید یہ کہ جو لوگ اس حملہ کے بارے میں علم رکھتے ہیں، ان میں سے تقریباً نصف جوابدہندوں (48٪) کا خیال ہے کہ یہ حملہ میڈیا کے خلاف اور 14٪ کے مطابق یہ حکومت کے خلاف سازش ہے۔ مزید 13٪ سمجھتی ہے یہ حملہ کسی کے خلاف سازش نہیں اور 15٪ کو معلوم نہیں۔

مجموعی طور پر جوابدہندوں کی میڈیا کی آزادی کے بارے میں رائے تقسیم ہے۔ نصف فیصد (50٪) کا خیال ہے کہ پاکستان میں میڈیا کو مناسب آزادی حاصل ہے، 35٪ کہتے ہیں کہ اس کو ضرورت سے کم، اور 15٪ کے مطابق ضرورت سے زیادہ آزادی حاصل ہے۔

صرف تقریباً 10٪ شہری سمجھتے ہیں کہ میڈیا یعنی پریس، ٹی وی وغیرہ کے لیئے حکومت کی مقرر کردہ حدود ہونی چاہئیں، جبکہ اکثریت (70٪) کہتی ہے کہ میڈیا میں کسی بھی قسم کی مداخلت نہیں ہونی چاہیے اور اس کو آزاد ہونا چاہیے، تقریباً 10٪ کو معلوم نہیں۔

GALLUP INTERNATIONAL

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
World Leaders in Marketing Research & Consultancy

یہ سروے گیلپ پاکستان نے ملک کے چاروں صوبوں کے شہری علاقوں میں شماریاتی طور پر منتخب 50 11 سے زائد افراد سے کیا جن میں مختلف عمر، آمدنی اور تعلیم سے تعلق رکھنے والے مرد اور خواتین کی نمائندگی تھی۔ اسے شماریات کی سائنس کے اصولوں کے مطابق کیا گیا ہے۔